Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · DUA OF NAMAZ

Rules of Namaz-e-Ayaat

نماز آیات کے احکام

Solar Eclipse & Lunar Eclipse: The prayer becomes Wajib even if the moon or the sun are partially eclipsed, and even if they do not engender any fear.

سورج گرہن اور چاند گرہن: اگر چہ اس کے کچھ حصے کو ہی گرہن لگے اور انسان پر اس کی وجہ سے خوف بھی طاری نہ ہو پھر بھی نماز آیات واجب ہوگی۔

Earthquake, as an obligatory precaution, even if no one is frightened. Thunder and lightning, red and black cyclone and other similar celestial phenomena, which frightens most of the people; similarly for the terrestrial events like receding sea water, or falling mountains which engender fear in these circumstances, as per recommended precaution, Namaz ayaat be offered.

زلزلہ: احتیاط واجب کی بنا پر، اگر چہ اس سے کوئی بھی خوف زدہ نہ ہوا ہو، البتہ بادلوں کی گرج، بجلی کی کڑک، سرخ و سیاہ آندھی اور انہی جیسی دوسری آسمانی نشانیاں جن سے اکثر لوگ خوف زدہ ہو جائیں اور اسی طرح زمین کے حادثوں مثلاً دریا اور سمندر کے پانی کا سوکھ جانا، زمین کا دھنس جانا اور پہاڑوں کا گرنا جن سے اکثر لوگ خوف زدہ ہو جاتے ہیں ان صورتوں میں بھی احتیاط واجب کی بنا پر نماز آیات ترک نہیں کرنا چاہئے۔

If several events which make Namaz ayaat obligatory occur together, one should offer Namaz ayaat for each of them. For example, if solar eclipse as well as an earthquake take place, one should offer separate Namaz ayaat for each of these two occurrences.

جن چیزوں کے لئے نماز آیات پڑھنا واجب ہے اگر ایک وقت میں ایک سے زیادہ نشانیاں ظاہر ہو جائیں تو ضروری ہے کہ انسان ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک نماز آیات پڑھے۔ مثلاً سورج کو بھی گرہن لگ جائے اور زلزلہ بھی آجائے تو دونو کے لئے الگ الگ نماز آیات پڑھنا ضروری ہے۔

Offering of Namaz-e-Ayaat is obligatory for the residents of only that town in which the event takes place.

نماز آیات انہی شہر والوں پر واجب ہے جس شہر میں نشانیاں ظاہر ہوں یا محسوس کی جائیں۔

Free to read, copy and share

If a person did not know about the sun or the moon eclipse, and came to know after the eclipse was over, he should give its qadha if it was a total eclipse. And if he comes to know that the eclipse was partial, qadha will not be obligatory.

اگر کسی شخص کو چاند یا سورج گرہن کا پتہ نہ چلے اور گرہن ختم ہونے کے بعد پتہ چلے کہ پورا گرہن لگا تھا تو ضروری ہے کہ نماز آیات کی قضا کرے۔ لیکن اگر اسے یہ پتہ چلے کہ کچھ حصہ کو گرہن لگا تھا تو نماز آیات کی قضا اس پر واجب نہیں۔

If Namaz-e-Ayaat becomes obligatory on a person at the time of daily prayers, and if he has enough time at his disposal for both, he can offer any of them first. If the time for one of them is short, he should offer that prayer first, and if the time for both of them is short, he should offer the daily prayers first.

اگر یومیہ نماز کے وقت نماز آیات بھی انسان پر واجب ہو جائے اور اس کے پاس دونو کے لئے وقت ہو تو جو بھی پہلے پڑھ لے کوئی حرج نہیں ہے، اور اگر دونو میں سے کسی ایک کا وقت تنگ ہو تو پہلے وہ نماز پڑھے جس کا وقت تنگ ہو اور اگر دونو کا وقت تنگ ہو تو ضروری ہے کہ پہلے یومیہ نماز ادا کرے۔

If a person realises during the daily prayers that the time for Namaz-e-Ayaat is short, and if the time for daily prayers is also short, he should complete the daily prayers and then offer Namaz-e-Ayaat. But if the time for daily prayers is not short, he should break that prayer and first offer Namaz-e-Ayaat and then offer the daily prayers.

اگر کسی شخص کو یومیہ نماز پڑھتے ہوئے علم ہو جائے کہ نماز آیات کا وقت تنگ ہے اور یومیہ نماز کا وقت تنگ نہیں ہے تو اسے چاہیے کہ اس نماز کو توڑ کر نماز آیات انجام دے اور بعد میں یومیہ نماز ادا کرے۔

If solar or lunar eclipse, thunder, lightning or any other similar events take place when a woman is in her menses or nifas, it will not be obligatory for her to offer Namaz-e-Ayaat, nor is there any qadha upon her.

جب عورت حیض یا نفاس کی حالت میں ہو اور سورج یا چاند گرہن لگ جائے یا زلزلہ آجائے تو اس پر نماز آیات واجب نہیں ہے اور نہ ہی اس کی قضا ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/rules-of-namaz-e-ayaat-2919 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.